UNIVERSAL LIBRARY

OU_226071

UNIVERSAL LIBRARY

TEXT FLY WITHIN THE
BOOK ONLY

ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

بتاریخ نوزدہم ماہ الٰہی سنہ ۱۳۰ فصلی

مطابق نوزدہم ماہ شہر شوال المعظم ۱۹

در این

زمان میمنت اقتران بفضل و کرم ایزد

منان کتاب فوائد انتساب مسمّٰی بہ

# [illegible] خلاصۂ فوائد

از تصنیفات علامۂ زمان جناب مولانا محمد خیر الدین خان بہادر محمود جنگ حسب درخواست

جناب مولوی محمد عبد العلیم نصر اللہ خان احمدی خویشگی خورجوی

برائے فائدہ خاص و عام

باجازت مدار المہام سرکار عالی

در بلدہ حیدرآباد فرخندہ بنیاد

در دار الطبع سرکار عالی باہتمام محمد مسیح الزمان طبع شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی علم ادم الاسماء کلّھا والصلوۃ والسلام علی افصح الخلق سید الانبیاء شافع یوم الجزاء وعلی آلہٖ وصحبہ البلغاء الاتقیاء **امّا بعد** جاننا چاہیے کہ اگلے زمانہ مین ہندوستان وغیرہ کے سلاطین بلکہ معمورۂ جہان کے اکثر خواقین کی زبان ترکی تھی اور اونکے دربارون مین اسی زبانکا رواج اور ترکی وانونکی بڑی قدر او منزلت رہتی تھی پھر اَلنَّاسُ عَلٰی دِیْنِ مُلُوْکِھِمْ کے مثل پر جسکو دیکھو ترکی کا شایق اور جدھر تدھر اس فن مین لایق نظر آتا تھا کیونکہ اس زبان کو روزی کی ترقی اور اپنی بہتری کا حیلہ اور عزت و مرتبت کی برتری کا وسیلہ سمجھتے تھے چنانچہ مشہور تھا کہ فارسی شکرست و ترکی ہنرست عربی دین وہندی نمکین اگرچہ زمانہ کے انقلاب سے اب ہندوستان کے ممالک سے وہ بات اوٹھ گئی ہی لیکن تاتار کی بڑی وسیع مملکت مین اور قبچاق و قلماق و ترکمان کے بہت کشادہ دشت مین اور خطا یعنے تتر چین اور ختن یعنے تتر روس کے ممالک مین تاتار اور ترکمان کے تمام قبایل کی زبان ترکی ہی ہے کہ

اور رعایا اور رؤسا اسی بولی مین بولتے چالتے ہین اور دارالاسلام کے ممالک مین
بخارا اور روم اُسکے سلاطین اور علی العموم مسلمان رعایا کی زبان ترکی ہی اور ایران کے
بلاد مین اور آذربایجان کے اکثر باشندگان کا بھاکا ترکی ہی اور نادر فارسی بولتے
ہین اور ایران کے دوسری تمام مملکت مین بیشتر فارسی اور کمتر ترکی اور مکہ معظمہ اور مدینہ
طیبہ اور شام اور مصر کے حکام جو اہل روم ہین اونکی زبان ترکی رومی عثمانلو ہی اور ایران
اور شیراز و داغستان و تفلیس وغیرہ مین جو ترکی بول چال ہی اوسکو داغستانی یا شیرازی
یا قزلباشی یا ایرانی کہتے ہین اور بخارا وغیرہ مین جو ترکی بولی جالی جاتی ہی اوسکو چغتائی
اور ترکمان کے قبیلے کی زبان ترکمانی اور تاتار کی قوم کی زبان کو تتری یہ ترکی چغتائی
سب قسم کی ترکیون سے افصح اور اعلی ہی چنانچہ سلاطین اور امرا جب باہم نوشت وخواند
کرتے ہین تو چغتائی ترکی مین لکھتے ہین اگرچہ دوسری ترکیون مین بھی خط وکتابت کا
معمول ہی لیکن چغتائی مین لکھنے کو افضل سمجھتے ہین ترک لوگ ترک بن یافث بن نوح
علیہ السلام کے بیٹے تھے انکو یافث اوغلان اور اونکی بولی کو ترکی کہتے ہین اور ترک کی
ساری اولاد ترک کہلاتی ہی اور اونکی زبان بھی ترکی ہی ترک وغیرہ کے ممالک مذکورہ مین

**سبب تالیف** اس مختصر مفید کا یہ ہی کہ جب ترکی زبان والے مسلمان
اور دوسرے ممالک کے باشندے خصوصاً ہندوستان کے رہنے والے
مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو آتے ہین تو زبانون کی اختلاف کے سبب سے باہم اختلاط
اور ارتباط نہین کرسکتے بلکہ آپسمین اجنبیت اور بیگانگی رہ جاتی ہی اور حکام سے
مرافعہ اور استغاثہ مین انکی زبان سے ناآشنا لوگ سخت عاجز اور متحیر رہتے اور بعضے

ناطبیعت اور عقرب طبیعت لوگ جو ترکی زبان سے آشنا ہین حکام اتراک کے مزاج
اور روبا ہیئن ترا کر اجنبی بولی والے مسافرین اور مہاجرین حرمین شریفین کو بے سبب
ایذا دیتے اور رشوت و لالچ سے ترجمون مین خیانت کرتے جبکہ سب مومن آپس مین
بھائی ہین تو باہمین الفت و یگانگی واجب ہی اور موذیون کے شر سے بچنا اور اپنا حق
ثابت کرنا لازم اور آدمی کو جو فضیلت حاصل ہی سو بول چال کے سبب سے ہی اسکی بدولت
فرشتون سے برتر ہوا اور اسی سے آدم علیہ السلام فرشتون کے معلم ہوئے کہ
یَا آدَمُ اَنبِئْهُمْ بِاَسْمَائِهِمْ جو آدمی ایک ہی زبان جانتا ہی تو وہ ایک بار آدمی ہی پھر جتنی
زبان جانے گا وتنی بار آدمی ٹھہریگا **نظم** بِقَدْرِ لُغَاتِ الْمَرْءِ يَكْثُرُ نَفْعُهٗ + وَتِلْكَ
لَهٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ اَعْوَانٌ + فَبَادِرْ اِلٰى حِفْظِ اللُّغَاتِ مُسَارِعًا + فَكُلُّ
لِسَانٍ فِي الْحَقِيقَةِ اِنْسَانٌ + **بیت** تَعَلَّمْ يَا فَتٰى وَالْجَهْلُ عَارٌ + وَلَا يَرْضٰى
بِهٖ اِلَّا حِمَارٌ + ان فایدون پر نظر کرکے اس ہیچمدان راجی الی رحمة ربه الصمد محی الدین احمد
المخاطب **بخیر الدین خان** فاروقی بن مولوی محمد خان عالم خان بہادر تہور جنگ نے
یہ رسالہ ترکی چغتائی کی صرف و نحو اور قوانین و لغات مین تصنیف کیا اور اوس کا نام
**جدوار ترکی** رکھا کیونکہ چغتائی جسکو تورانی ترکی بھی کہتے ہین اصل اور افصح زبان ہی
اسکے سیکھنے سے ساری ترکی زبانین آسانی سے حاصل ہوسکتی ہین یہ رسالہ تحقیق
کیا گیا اور سند کو پہنچا ہی میرزا علی بخت بہادر کی مصنفات اور اوقیانوس ترجمۂ قاموس
ترکی اور دوسرے معتبر رسالہ اور لغات سے اللہ تعالی اس کتاب کا فایدہ عام کرے
اور مصنف کو اور اوسکے اسلاف اور اخلاف کو اپنے فضل و کرم سے بخش دیوے آمین

اِس رسالہ کے تمام ہونے کے بعد رومی ترکی کے قواعد اور محاورے اور لغات کی تعلیم مین
بھی ایک علیحدہ رسالہ لکھا ہون اور اوسکا نام دیباچی رومی رکھا ہون مطالعہ کرنے والون
کی خدمت مین یہ التجا ہی کہ خطا اور چوک کی اصلاح ویکر اس عاجز کو دعاے خیر سے یاد
اور شاد فرماوین اِس عاجز نے اس رسالہ کو بڑی تحقیق اور دیدہ ریزی اور محنت سے
لکھا ہی اور ایسے ملک اور وقت مین تالیف کا اتفاق ہوا ہی کہ جہان ترکی زبان اکسیر سے
زیادہ نایاب اور ترکی بولنے والے عنقا سے مفقود تھے لیکن **بیت** بہر کارے کہ
ہمت بستہ گردد ✣ اگر خارے بود گلدستہ گردد ✣ اِس مدراس کے ملک مین جو کرناٹک
کے صوبہ کا دارالامارہ حال ہی علاقہ دکن اقلیم ہندوستان ترکی زبان میرزا بہادر
موصوف کے فیض سے کچھ معلوم ہوئی ہی سو میرزا بہادر اپنی فرہنگ ترکی مین اپنا
نسب اسطرح فرماتے ہین کہ میرزا علی بخت المعروف بمیرزا جی کلان المتخلص باظفری
بن میرزا ولی عرف منجھلی صاحب بن سلطان محمد عیسی از بطن نواب عفت آرا بیگم دختر کلان
محمد معز الدین بادشاہ الملقب بحضرت عرش آرامگاہ بن محمد معظم شاہ عالم بہادر الملقب
بحضرت خلد منزل خلف محی الدین محمد ابو المظفر اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ المعروف بحضرت
خلد مکان اور بیگم موصوفہ نواب سید موسوی خان بہادر کی بی بی تھین اور سید
موسوی خان فرزند ہی خواجہ یعقوب کا جسکا لقب نواب سربلند خان بہادر ہی اور وہ فرزند
ہی خواجہ عوض کا وہ خلف ہی خواجہ سلطان احمد بن خواجہ میرک بن خواجہ احمد بن خواجہ میرک
بن خواجہ میر محمد بن خواجہ امیر علی بن خواجہ ابو الخیر ترکستانی بن خواجہ علی بن خواجہ محمد شریف
بن خواجہ احمد یسوی کا اور امیر علی مذکور نواسہ ہی خواجہ نقشبند کا ان بزرگوارون سے کتنی لوگ عرب

اور بخارا مین ورجا امارت اور سلطنت کو پہنچے ہین الغرض مرزا علی بخت بہادر جو تیموریہ گھرانے کے نواسے
اور سید عالی تبار خواجہ احمد یسوی کے خاندان سے پوتے تہے اور ترکی زبان مین بڑے ماہر اور
فاضل بی نظیر سو اس فن مین آپ شاگرد تہے کرم علی صاحب دہلوی شہر استاد ترکی کے اور کرم علی صاحب
شاگرد عزیز اللہ بیگ باتاش کے **نقل** ہے کہ جب نادر دہلی کو آیا تو کرم علی صاحب کی فضیلت کا شہرہ
سنکر شایق ہوا اور محمد شاہی دربار مین یاد فرما کر پوچہا کہ کرم علی **سین سین** یعنی کرم علی تو ہی ہے
کرم علی نے عرض کی کہ **بو قراقل مین مین** یعنی یہ کالا غلام مین ہی ہون دوسری معنی
لکلی فوج مین ہی ہون القصہ مرزا علی بخت بہادر موصوف انقلاب روزگار سے دہلی چہوڑ کر مدراس مین
پہنچکر یہین کی بود و باش اختیار کی تہی پہر اس جناب نے اپنی بڑی بیٹی میرے والد ماجد کے چچا عبد القادر خان بہادر
امیر الدولہ کو بیاہ دی اس ذریعہ سے ہماری اور میرزای معزی الیہ کے گہرایا ہو گیا اور میرزای ممدوح کی
شفقت اور کمال توجہ میرے والد کے حال پر تہی اور ہماری حضرت کو ہر فن کی تحصیل کا شوق تہا پہر
ترکی زبان آپ ہی سے سیکہی چند روز مین ایسے ماہر ہوے کہ استاد آفرین کرنے لگے پہر یہ عاصی
بہی موروثی شوق کے باعث اپنے والد ماجد سے ترکی وغیرہ سیکہا دوستون کے واسطے
اس باغ ہمیشہ بہار سے یہہ گلدستہ تحفہ لایا ہے اگر قبول ہو تو مدعا بر آوے اور سعی کا پہل
ہاتہہ لگے راقم نے میرزای مفتخر الیہ کی تتبع مین اپنا نسب نامہ مادری اور پدری بہی لکہدیا ہے تا اسطرح
بزرگون کا ذکر خیر جاری رہے محی الدین احمد المخاطب بہ محمد خیر الدین خان بن مولوی محمد مرحوم
المعروف بہ خان عالم خان بہادر تہور جنگ بن جان جہان خان بہادر بن نواب محمد خیر الدین خان بہادر
بن حافظ عبد الحکیم شہید بن شیخ خیر اللہ بن شیخ عبد الوالی بن شیخ محمد منور بن شیخ نعمت اللہ
بن عارف باللہ مخدوم عبد الحی بن مخدوم عبد القادر بن قاضی بدہ لاد بن شیخ ابراہیم قنوجی بن شیخ نعیم اللہ

خطابی بن شیخ علاؤالدین ثانی بن قاضی شیخ محمد بن قاضی شیخ علاؤالدین بن قاضی شیخ علی شاہ
بن قاضی شیخ فخرالدین بن قاضی محمد شعیب ۵۴ بن شیخ محمد احمد بن شیخ یوسف ۵۵ شاہ بن شیخ سلطان ۵۶ شہاب الدین
المعروف بہ فرخ شاہ عادل بن شیخ فخرالدین المعروف نسبان شاہ بن شیخ سلیمان
۵۷ بن شیخ مسعود بن شیخ عبداللہ واعظ اصغر بن شیخ ابوالفتح واعظ اکبر بن شیخ اسحق
بن شیخ ابراہیم بن شیخ ناصر ۵۸ بن عبداللہ بن امیرالمومنین عمر فاروق رضی اللہ عنہم اجمعین
اور میرے والدہ ماجدہ کا نسب بھی فاروقی ہے اور ننھیال نواب والاجاہ بن نواب انورالدین خان
شہید کو پہنچتی ہے اس طرح سے کہ صالحہ بیگم بنت اعزالدین خان سنقیم جنگ المتخلص
بنامی ملک الشعرا بن حامد علیخان بن عبدالحی خان فاروقی اور میری والدہ کی ماں شاہ بیگم
بنت نواب سلطان النسا بیگم عرف بڑی بیگم بنت نواب والاجاہ بن نواب انورالدین خان
شہید بن حاجی محمد انور بن شیخ محمد منور فاروقی حاجی محمد انور کا لقب بادشاہ دہلی کی سرکار سے
شیخ اقدس اور خطاب سراج الدولہ تھا شاہجہان اور عالمگیر کے امرا سے تھے اور میرے
والدہ ماجدہ کی دادی حضرت بیگم صاحبہ نواب والاجاہ کی سگی ہمشیرہ تھی اور میری دادی بھی
نسب میں فاروقی اور ننھیال آپکی نواب انورالدین خان کو پہنچتی ہے اس طرح سے
کہ حرمت النسا بیگم بنت وزیرہ بیگم بنت بی بی صاحبہ بنت نواب حاجی ابوالمعالی خان بن نواب
بدرالاسلام خان بن نواب انورالدین خان اور وزیرہ بیگم کی والدہ بنت مولوی نواب
محمد محفوظ خان بہادر شہامت جنگ بن نواب انورالدین خان شہید
اور نواب سلطان النسا بیگم کی والدہ یعنی نواب والاجاہ کی بیگم کا ننھیال سلاطین
صفویہ ایران کو پہنچتا ہے تزک والاجاہی میں دیکھلو اور اس کتاب کو منقسم کیا ہوں

تین رسالون پر پہلا رسالہ صرف و نحو ضروری اور چند قواعد پر شامل ہے ایک مقدمہ اور
دو مقالے پر دوسرا رسالہ چند منتخبات نظم و نثر اور چند رقعات رومی اور جغتائی ترکی پر مشتمل ہے
اس رسالہ کے آخر مین اگلی لوگون کی تصنیف کے ترکی تین کامل رسالے نظم و نثر مین
بہی ملحق کیے ہو ئمین پہلا رسالہ نثر رومی ترکی مین محمد برکوئی رومی سے دین اسلام کی ضروریات
تعلیم مین دوسرا رسالہ عقاید و فقہ مین منظوم امیر علی شیر نوائی سے تیسرا رسالہ اقوال ۴
عزیز کی شرح مین رباعیات ترکی نوائی مذکور سے ان رسالون کا فایدہ دینی ظاہر ہی
اور ترکی سیکہنے کے واسطے بہی بہت مفید ہین تیسرا رسالہ ترکی لغات مین اسکی دو دفتر ہین
دفتر اول ترکی لغات پر شامل ہے جسکی معنی ہندی عبارت مین لکہا ہے دفتر دوسرا ہندی
لغات اول مین اور اوسکے مقابل مین ترکی لغات لکہی ہین **مقدمہ** ترکی رسم الخط وغیرہ کے
بیان مین یہہ مقدمہ شامل ہے دو نشان پر نشان **پہلا** رسم الخط کے بیان مین جاننا چاہیئے
کہ تمام اہل اسلام کی زبانین بیند ابن مقلہ کے تراشے ہوے خط مین لکہی جاتی ہین چنانچہ
عربی فارسی ترکی ہندی پشتو ملاخی کو جینی سینکابوری جیسی عرب نمل وغیرہ اور
عرب نمل سے بیوپاری وارون کی قوم کا خط ہی اور ابن مقلہ کے خط لکہنے سے پہلے ہر زبان ایک
خاص خط مین لکہی جاتی تہی جیسے عربی کوفی خط مین اور فارسی اوسکے خاص خط مین اور ہندی
ناگری خط یعنی لیکن تاریخ سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ترک و تاتار کی قوم ایسی وحشی اور ابتر
تہی کہ سواے بات چیت کر لینے کے خط و کتابت انمین مطلق نتہی بلکہ حروف بہی تک انکی یہان
وجود نرکہتی تہے لیکن اس قوم مین آدمیت اور فضیلت اور بزرگی قبلا خان کی سعی اور
کوشش سے پیدا ہوی چنانچہ قبلا خان کی حکم اور مدد سے پایہ تخت کے فضلا نے

بضم قاف وفتح بای موحدہ

ایجاد مغلی زبان کے حروف یعنی ترکی مین لکہاوٹ کا کیا ہے جب بہی اس قوم مین لکہنے
اور پڑہنے کا دستور شروع ہوا تو اس قوم مین بڑے فاضل اور حکیم اور درویش
ہوے ہین قبلا خان سلسلہ چنگیز خان کو اس طرح پہنچتا ہے قبلا خان بن تولیخان بن
چنگیز خان اور تولی خان کے تین بیٹے پہلا منکو خان یہہ شخص خاقان تاتار تہا اور بعض
ممالک چین کا بہی فرمان روا ہوا ہے دوسرا وہی قبلا خان جو جانشین منکو خان کا تہا
یہہ شخص خاقان تاتار اور فغفور چین ہوا ہے تیسرا ہلاکو خان جو ممالک فارس کا بادشاہ
ہوا ہے جسنے اکثر بلاد اسلام کو خراب اور تباہ اور مسلمانون کا قتل عام کر کر بغداد پر فتح پایا
ہوا اور مستعصم باللہ خلیفہ اور دوسرے شرفا و حکام کا بغداد مین بہی قتل عام کیا ہے
اگرچہ قبلا خان کے وقت سے مغل اور تاتار مین لکہنا پڑہنا ترکی مین شروع ہوا ہے
لیکن دوسرے ملکون مین جہان کے باشندے اہل اسلام ترکی زبان والی ہین سو
اونمین ترکی کے لکہنے پڑہنے کا دستور سب مسلمانون مین رایج تہا سو خط مین قبلا خان کے
پہلے سے چلا آتا ہے چنانچہ اوسی دستور موافق ترکی زبان ابن مقلہ کی تراشے ہوے
خط مین لکہی جاتی ہے سو اس زبان کا رسم الخط ان لوگون مین اسیطرح مقرر ہے
کہ ہر حرف کے اعراب کے اظہار کو حروف اعرابی اس حرف کے بعد لکہا کرتے ہین
**حروف اعرابی** تین ہین **واو** اور **الف** اور **یا** مثناۃ تحتانیہ حرف مضموم کی
علامت کے واسطے **واو** ہے اور حرف مفتوح کی علامت کے واسطے **الف**
اور حرف مکسور کے لیے **یا** مثناۃ تحتانیہ مثلاً **اُر** کو **اولور** اور **جِیر** کو **جیاپار**
اور **بلم** کو **بیلیم** لکہتے ہین اور اسی قاعدہ کے موافق **کول** بفتح کاف تازی و سکون واو

ولام جو لہی کی راکہہ اصل مین یہہ لفظ **کُل** تہا کاف تازی کے ضمہ اور لام کے
سکون سے لیکن قاعدہ رسم الخط مذکور کے موافق حرف واو کو جو بیان اعراب
ضمہ ہے کاف مضموم کے بعد زیادہ کیا ہے اور اسیطرح سے **کاول** جان
اور تالاب کے معنی سے اصل مین **کَول** تہا فقط کاف تازی کے فتح سے بے زیادتی
الف کے لیکن رسم الخط کے موافق کاول لکہا گیا جب تجہ عربی مین بہی افعلوا
لکہہ کر افعلو پڑہتے ہین اور فارسی مین خوش اور خوان اور خورشید اور خواب
وغیرہ مین واو زاید لکھتے ہین اور ہندی مین لفظ یہہ مین ہاے زاید لکھتے ہین۔
**فائدہ** جاننا چاہیے کہ جس کلمہ کے وسط یا آخر مین حرف **الف** یا حرف **یاء** مثناۃ
تحتیہ یا حرف **واو** ہو تو اوس سے جو دوسرا کلمہ ملے اوسکا اول حرف بہی اپنے
اول حرف کے مطابق اعراب دیا جاویگا اگر **الف** ہو تو فتح کبہی کسرہ **واو** ہو تو
ہمیشہ ضمہ اگر **یا** ہو تو ہمیشہ کسرہ جیسے **بُوسُیُولُوق** بزرگی یہان کلمہ بوسیو کے
آخر واو ہونیکے سبب سے اوسکا حرف اول جو لام ہے مضموم ہوا اسی قاعدہ پر الف کے
مثال مین **آغالیق** یعنی سردارون کا حصہ **جازاغ** نقش **جینزیغ**
ایضا نقش اور **یاء** مثناۃ تحتیہ کی مثال مین **ایلیق** درمابہ فافہم جبکہ ترکی خطوط وکتابت
اسی رسم الخط سے لکہی جاتی ہین تو بغیر اس قاعدہ کے جاننے کے ترکی کی
لکہی ہوی کتابین اور خطوط صحیح پڑہنا مشکل ہے مخفی نرہے کہ ترکی مین بہت سے
لفظین ہین جنکو اس قاعدے کے خلاف عربی فارسی کے دستور موافق لکھتے ہین
جیسے لفظ **یخشی** بمعنی نیک اور **یمان** بمعنی بد آور **یوا** بمعنی گہونسلا یعنی آشیان

قیاس یہہ چاہتا تہا کہ ترکی رسم الخط کے قاعدے کے موافق یاخشی اور یامان
اور یووا لکہنا چاہیے لیکن طرز اخیر کے موافق لکہنا بے املا ہے اہل لسان کے
یہان اسطرح کی لفظون کو املا مین مبنی بر اصل کہا چاہیئے اور کبہی رسم الخط کے
برخلاف حروف اعرابی کو بعضی لفظون سے موقوف کر کر اعراب سے بربس کرتے ہین
اور ملفوظ جیسا ہوتا ہے ویسا ہی لفظ کو لکہتے ہین چنانچہ یوداق کو بداق اور یودلغ کو بدلغ
اور یوخ کو یخ اور چوق کو چق بہی لکہتے ہین اور چغتائی مین توقوز کو تقوز بتشدید قاف
اور معلوم رہے کہ جب کوئی نون ساکن کاف عجمی ساکن کے ساتہہ ملے جیسے منک
اور سینک اور منک اور ایرانی مین بنک و سنک و منک تو چغتائی مین وہ نون غنہ
ہوگا اور وہ کاف عجمی مذکور کا تلفظ بحال رہیگا لیکن ایرانی مین نون غنہ ہوگا اور کاف
عجمی غنہ کے ساتہہ تلفظ مین آیگا یعنی کاف فارسی کا تلفظ آدہا ہوجایگا غنہ سے اور کبہی
ایرانیان کاف عجمی کے عوض دوسرا نون غنہ زیادہ کرتے ہین جیسے سنک کو
سنن کہتے ہین لیکن رومی مین نون غنہ ناک ہی مین تلفظ مین آیگا اور کاف عجمی
ظاہر نہوگا اس کاف کو رومیان کاف دماغی کہتے ہین اور ترکی املا مین بعضی استاد
کاف تازی کو اس شکل پر لکہتے ہین کـ یعنی کاف عربی کے طرہ کے اوپر ایک لکیر
جو کی دانہ کی برابر باہر کی جانب جہکی ہوئی اور کاف فارسی اس شکل پر گ یعنی اسکے
طرہ کے نوک پر ایک لکیر جو کے دانہ کے برابر اندر جہکی ہوئی لیکن مشہور اور مستعمل یہہ ہے
کہ کاف عربی کا طرہ ایک لکیر اور کاف فارسی کا دو لکہا کرتے ہین نشان دوسرا
بعضے حرفون کے بدلنے کے بیان مین بعضے حرفون سے جانا چاہیئے

کہ ترکی مین قریب المخرج حرفون کو باہم بدل ڈالتے ہین لیکن معنی اسکے نہین بدلتے
جیسے **الف** کو یاے حطی سے جیسے اول کو یول اور کبھی الف کو باء موحدہ سے
جیسے اون کو بون باے ابجد کو میم سے جیسے بوگو کو موگو اور بی اور کبھی کبھی اور بن کو مین اور
اور بنرکو مینز **تاء قرشت کو دال** سے اور کبھی طاء مہملہ سے جیسے توشماق کو
دوشماق اور بنار کو دار اور تین یعنی دم کو دین بضم کسرہ دال اور تینک کو دیک اور **توی** کو
**طوی** اور **توغماق** کو **طوغماق** اور جیم فارسی کو **سین** سے جیسے **چیچدی**
کو سیچدی اور **نیچہ** کو **نیسہ** اور **خاء** موحدہ فوقانیہ کو ہاے ہوز سے جیسے **دخی** کو
**دہی** یا داہی اور دال مہملہ کو تاے مثناۃ فوقانیہ سے جیسے **داش** کو **تاش** اور
زای منقوطہ کو سین مہملہ سے اور سین مہملہ کو زاے منقوطہ سے جیسے **کیلماس** کو
**کیلماز** اور کبھی صاد مہملہ سے جیسے **سوراماق** کو **صوراماخ** لیکن اسطرح کی
تبدیل ایرانیون مین اور رومیون کی اصطلاح مین ہے اور غین منقوطہ کو کاف فارسی سے
جیسے **سونغرا** اور **صونگرا** یہہ شاذ و نادر ہے اور کبھی نون سے جیسے **چاغ** کو
**چان** اصل مین **قاچاغ** کو کبھی **قاچان** کہتے ہین اور کبھی خاء منقوطہ سے
جیسے **ساغ** کو **ساخ** اور **چیغار** کو **چیخار** اور قاف قرشت کو کاف عربی سے
جیسے **قورماق** کو **کورماک** اور کبھی کاف فارسی سے **سورماق** کو **سورماگ**
اور کبھی غین معجمہ سے **ییماق** کو **ییماغ** اور **بچاق** کو **بچاغ** اور کبھی خاء معجمہ
سے جیسے **دیماق** کو **دیماخ** اور **چوق** کو **چوخ** اور **چیقتی** کو **چیخدی** اور
**چیقار** کو **چیخار** اور **کیلماق** کو **کیلماخ** اور **بچاق** کو **بچاخ** بھی اور کبھی

نون سے جیسے **جاق** کو **جان** اور یہہ شاذ و نادر ہے او کاف عربی کو
کاف فارسی سے جیسے **کوک** کو **کیوک** اماے کے ساتہہ اور **کیلماق**
کو **کلماخ** اہل توران کے یہان کسرہ کاف تازی سے اور اہل ایران کے یہان
فتح کاف فارسی اور کبہی قاف اور غین اور خا کو ایک دوسرے سے جیسے **کیلمک**
اور **کیلمق** اور **کیلمغ** اور **کیلماخ** الغرض خا اور غین معجمہ اور قاف اور کاف باہم
تبدیل پاتے ہین اور معنی وہی رہتے ہین اور لام کو نون سے جیسے **بول** کو **بون**
یہہ شاذ و نادر ہے اور کبہی واو سے جیسے **بول** کو **بو** یہہ بہی شاذ و نادر ہے
اور میم کو با سے جیسا کہ آگے گذرا اور کبہی میم کو نون سے جیسے **کیلائیم** کو **کیلاین**
اور کبہی یاے مثناۃ تحتیہ سے جیسے **کیلامین** کو **کیلائین** اور واو کو یا سے جیسے
**مو** کو **می** اور ہاے ہوز کو الف سے جیسے **بیلہ** کو **بیلا** یاے مثناۃ تحتیہ کو الف سے
جیسے **اوز** کو **یوز** اور **بیتماق** **ایتماق** اور کبہی میم سے جیسے **کیلایین** کو
**کیلامین** اور کبہی واو سے جیسے **قاپی** کو **قاپو** اور اتنے حرفون کی تبدیل نہ
اتنے حرفون سے رومیون اور ایرانیون او قزلباشون کے محاورے ہوا کرتی ہے
تاے قرشت طاے بی نقطہ یا دال مہملہ سے اور سین بی نقطہ صاد مہملہ سے اور غین منقوطہ خاے
منقوطہ سے اور قاف قرشت خاے منقوطہ سے اور کاف عربی کاف فارسی سے
اور کبہی ایک کلمہ کے اعراب کو تفخیم سے پڑہین تو ایک معنی ہوتا ہے اور ترقیق سے
پڑہین تو دوسرا معنی بنتا ہے جیسے **بیتماق** بتفخیم کسرہ یا بمعنی پہنچنا اور بترقیق کسرہ
یا کم ہونا **مقالہ پہلا** کلمہ کے بیان مین اسمین سولہ فصلین اور چند فواید ہین کلمہ وہ لفظ ہے

جسکو واضع نے ایک مفرد معنی کے واسطے [illegible] اسم ہو یا
[illegible] **پہلی** اسم کی تعریف مین اسم وہ کلمہ ہے جو ایک معنی بتلاوے
مستقل [illegible] یعنی اُس کے دلالت کرنے کے واسطے محتاج دوسرے لفظ کا نہو
اور اسکے معنے کے ساتھ زمانہ مفہوم نہو **فصل دوسری** اسم جامد وغیرہ کے بیان مین
اسم یا تو جامد ہے یا مصدر یا مشتق جامد وہ اسم ہے کہ جس سے کوئی کلمہ نہ نکلا ہو اور
نہ وہ کسی کلمہ سے جیسے **تاش** یعنی پتھر **تاغ** یعنی پہاڑ یا پیر یا **ایران** یعنی مرد اور
ارواث یعنی زن مصدر وہ ہے کہ جس سے اسما افعال مشتقہ نکلین ترکی مین مصدر کی
علامت ماق یا ماک یا ماغ یا ماخ ہے یہہ لفظ کبھی میم مفتوحہ اور الف ممدودہ کے ساتھ
آتا ہے کبھی بے الف اور آخر اوسکے قاف یا کاف تازی یا کاف فارسی یا غین یا خاے
معجمہ ساکن ہے اور لفظ ماخ خاے معجمہ سے ایرانی محاورے مین برتا جاتا ہے
اور ماک کاف عربی یا فارسی سے رومیون کے لہجے مین پھر اس علامت مصدر کو
امر حاضر کے بعد ملحق کرین تو اسی باب کا مصدر بنتا ہے جیسے امر حاضر کیل بتفخیم کسرہ کاف
فارسی وحذف یاے مثناة تحتیہ عرابی وسکون لام اور ایرانی اور رومی محاورہ مین
کاف عربی کے عوض مین کاف فارسی لاتے ہین جیسے کل بر صیغہ امر واحد حاضر کے بعد
لفظ ماق کو جو علامت مصدر ہے لاحق کرین تو کیلماق مصدر بنیگا اس قاعدہ کے موافق
صاف ظاہر ہوا کہ ترکی ہر مصدر کا آخر منحصر ہے ایک لفظ پر جو ماق وغیرہ ہے جب اس علامت
مصدر کو دور کرین تو باقی رہیگا صیغہ واحد امر حاضر اور امر سے تمام افعال بنتے ہین
چنانچہ آگے معلوم ہوگا انشاء اللہ تعالے مصدر کی چار قسمین ہین لازمی جیسے **کیلماق** آنا

**یازماق** جانا اور متعدی بیک مفعول جیسے اورماق مارنا گیسماق کاٹنا بیتداق لکہنا اور متعدی بدو مفعول جیسے اور وتماق پٹوانا اوقوتماق پڑہوانا یتورماق لکہوانا اور متعدی بہ سہ مفعول جیسے بیردورماق دلوانا پہر ہر مصدر مطلقا دو قسم ہے ایک مثبت اوسکی مثال گذر چکی دوسرا منفی اور وہ اس طرح بنتا ہے کہ صیغہ امر حاضر کے بعد حرف میم کو جو علامت ہے مصدر منفی کی لاحق کرکر اسکے پیچھے لفظ ماق وغیرہ جو علامت مصدر ہے ضم کرین جیسے کیلمماق نآنا یارمماق نہ جانا اور مصدر متعدی وغیرہ یا تو معروف ہوگا مثال اوسکی لکہی گئی یا تو مجہول ہوگا چنانچہ اورنماق مارا جانا کیسینماق کٹوایا جانا بیرینماق دیا جانا اوسکا بیان بحث افعال مین بہی دیکہلو **تیسری فصل** بیان مین اون لفظون کے جنسے معنی مصدریہ حاصل ہوتے ہین جاننا چاہیئے کہ ترکی مین ایسے الفاظ ہین جنکو عامل مصدریہ کہتے ہین بعضے انہین سے امر حاضر یا فعل مضارع یا اسم مفعول کے ساتہہ ملکر معنی مصدریہ بناتے ہین اور بعضے فقط فعل مضارع اور اسم مفعول سے ملکروہ یہہ لفظین ہین **غاچ** اور **گاچ** اور **گولی** اور **غالی** اور **کالی** اور **ان** اور **ین** اور **دوق** اور **دوک** اور **غون** اور **گون** ہر دو بالفظ **چا یا چاک یا چق** اور **انجون** اور **اوچون** اور **دا** اور **اوزا** اور **اوزہ** اور **دین یا دن** اور **کا** اخیر کے انہہ لفظ مصدر اور اسم اور ضمیر کے پیچھے بہی لائی جاتی ہین لیکن خاص معنون سے اونکا بیان روابط مین لکہا گیا ہے **فائدہ** یہہ بات یاد رکہنا چاہیئے کہ معنی مصدر لازم کا دلالت کرتا ہے فعل فاعل مین قایم ہونے پر جیسے اوتہنا اور مصدر متعدی کی معنی فاعل سے فعل صادر ہوکر مفعول پر عمل کرنے پر جیسے

مارنا پھر بعد اس قیام اور رصد و کے ایک کیفیت حاصل ہوتی ہے اسی کیفیت کا نام
حاصل بالمصدر ہے جیسے بیٹھنے کے مصدر سے حاصل بالمصدر بیٹھک ہوا اور مارنے کے
مصدر سے مار اور فرق مصدر اور حاصل بالمصدر میں یہی ہے کہ معنی مصدر کا حدوث پر
دلالت کرتا ہے اور حاصل بالمصدر کا دوام پر جیسے زید کا بیٹھنا دلالت کرتا ہے اس
بات پر کہ بیٹھنے والا پہلے کسی اور حالت میں تھا اب ایک تازی حالت بیٹھنے کی اس سے
تعلق پکڑی ہے لیکن بیٹھک میں بعد بیٹھنے کے ایک کیفیت جو حاصل ہوتی ہے اسمیں
تبدیل نہیں اسیکا نام بیٹھک ہے یہہ حالت کسی وقت مقرری سے یا کسی معین فعل سے
متعلق نہیں اسواسطے اسمیں حدوث اور تبدیل پائی نہیں جاتی سو ترکی میں اسم مصدر
جسکو علم فعل بھی کہتے ہیں کتنی طرح سے بنایا جاتا ہے پہلے علامت مصدر مق دور کرکر اوسکی عوض
امر حاضر کے صیغہ پر جو باقی رہگیا ہے حرف شین معجمہ لاحق کرنے سے جیسے آلمق لینا
یا پکڑنا آلیش لین کورمک دیکھنا کورش نظر کولماق ہنسنا کولش ہنسی گیلماق
آنا گیلیش آمد بارماق جانا بارش رفتار اگر امر حاضر مذکور کا حرف اول مضموم ہو تو
علامت حاصل بالمصدر کا حرف ما قبل بھی مضموم رہیگا اگر وہ مفتوح ہو تو یہہ کبھی مفتوح
کبھی مکسور اگر وہ مکسور تو یہہ بھی مکسور اور یہی شین فایدہ مصدر یکا بھی دیتی ہے
اور معنی ابتدا کا بھی جیسے ترکی مثل ہے ییل گیلیشدین و اوغیل قوپوشدین
بیلا یدور یعنی سال کے آغاز سے اور لڑکے کے اوبچاو اور نشو و نما سے
معلوم ہو جاتا ہے اور یہی شین معجمہ باب مفاعلہ کی بھی معنی بتلاتی ہے جیسے اوروشماق باہم
مار اماری کرنا اور اوروش جنگ اور نفظ اور روش حاصل بالمصدر بھی ہے اور

یعنی اسم بالمصدر

مانند گلکش و بارش

امر ہی ہے باہم لڑنیکا باب مفاعلہ سے اسکا بیان تفصیل سے افعال کی بحث مین ہوگا اگر اللہ تعالے چاہے دوسرا حرف قاف قرشت زیادہ کرنے سے جیسے یاروق روشن ہونا یاروق روشن تیسرا حرف کاف عربی لاحق کرنے سے جیسے بیلمق جاننا بیلیک دانش چوتہا حرف میم لانے سے جیسے اولک مرنا اولم موت اورماق مارنا اورم مار اور رکہون یعنی مشت ییلدرمق چمکنا ایلدرم چمک اور بجلی ایلدآماق تیز ہونا ایلدام تیز ییمق کہانا ییم خوراک کیمق پہننا کیم پوشاک پانچوان حرف نون لانے سے جیسے قیجقرمق غوغا کرنا قیجقرن غوغا چہٹا حرف ہای مختفی یا الف لاحق کرنے سے جیسے بیلک جاننا بیلمہ علم اکمق یاد کرنا اکمہ یاد ساتوان خود مصدر کے اخر لفظ لیق بہ کسر لام و حذف یاے اعرابی و سکون قاف یا لیک باعراب صدر و سکون کاف فارسی یا لیغ باعراب صدر و سکون غین معجمہ در اخر یا لوق بضم لام و حذف واو اعرابی و سکون قاف یا لوک باعراب سابق و سکون کاف فارسی یا لوغ باعراب صدر و سکون غین معجمہ یا لو یا لی، لاحق کرنے سے جیسے ییمک کہانا ییمکلک خوراک آلدنمق دغا دینا الدنملق دغا

## فصل چوتہی اسم منسوب اور صفت منسوب کے بیان مین

جب لفظ لیق وغیرہ مذکورین سے ایک لفظ کو کسی اسم کے اخر زیادہ کرین تو صفت منسوب پیدا ہوتی ہے یا اسم منسوب بنتا ہے اور یاے نسبتی کے معنی پر برتا جاتا ہے صفت منسوب کی مثال پاشالیق امارت دوستلق دوستی تاشلیغ سنگی یعنی پتہرین قاشلیغ کمانی نقاش لیغ نقاشی بکیت لیک جوانی ینکیلیک نیاپن ییللیک سالانہ انکجیلیک نانبائی پن مال لیغ مالداری یا مالدار دولتلیک دولتمندی یا دولتمند اور اسم منسوب کی مثال شاملو یا شاملی یعنی

ستانی ایرانلو یا ایرانلی ایرانی ہندوستانلو یا ہندوستانلی ہندوستانی آتلو
شیرین بات لیق صاحب اسب اور تاہورا اور تاشکندلی یعنی باریعنی تاشکندی ہے
قمیش لی یا قمیش لوق نبستان تیکان لوق خارستان اور صاوق لوق سردی
اور ایستق لیق یعنی گرمی اور جب کسی اسم اور صفت کے آخر ان لفظون مین سے کوئی ایک
لفظ ہو وے سواے لو او لی کے اسکے آخر یاے حطی زیادہ کیجاوے تو بہی اسم منسوب
یا صفت منسوب حاصل ہوتی ہے جیسے قل لوغی غلامی یورونغی نخستین سوقغی و ابسین
اور یہہ یاے مذکورہ ضمیر مضاف بہی ہے جیسے بیوک لوغی اسکا بڑپن اور جب اسکے آخر
آوے تو معنی مصدریہ کا بہی ہوتا ہے جیسا شاہ لیغی بادشاہ ہونا مثال اضافت بیکیتلیغی
اوسکی جوانی بیکیتلیغلاری اونکی جوانی بیکیتلیغینگ تیری جوانی بیکیتلیغینگیز تمہاری
جوانی بیکیتلیغیم میری جوانی بیکیتلیغمیز ہماری جوانی اور مشتق وہ اسم ہے کہ جو مصدر سے
نکلے پہر مشتق کے کئی قسم ہین ازانجملہ حاصل بالمصدر اسکا بیان گذرا ازانجملہ اسم فاعل
اور اسم مفعول اور صفت مشبہ اور اسم حالیہ اور اسم منسوب اور اسم زمان اور
اسم مکان وغیرہ

## فصل پانچوین اسم فاعل کے بیان مین

اسم فاعل وہ ہے جو دلالت کرے ایسے شخص پر جس سے فعل متعدی یا لازمی
پیدا ہو یا وہ فعل مجہول کا نائب فاعل ہو جیسے اورکوچی یعنی مارنیوالا اور اولکوچی مرنیوالا
اور اورولکوچی مارا جانے والا یعنی مار کہانیوالا سو ترکی مین اسم فاعل کی علامت لفظ
چی ہے بکسر جیم فارسی و یاے معروفہ یا گوچی کاف فارسی مضموم اور جیم فارسی مکسور
و یاے تحتیہ معروفہ سے اور لفظ کی بہی کاف فارسی مکسور اور یاے تحتیہ معروفہ سے

ان لفظون مین سے کوئی ایک لفظ صیغہ مضارع بعید کے اخر مین لانے سے اسم فاعل
بنتا ہے جیسے کیلیکوجی آنے والا کیلاکی آنیوالا اور کبھی صیغہ حال کے اخر مین لفظ کیشی
افزود کرتے ہین جیسے ملور کیشی یعنی مرد دانا اور کبھی صیغہ مفعول کو اسم فاعل کی جگہ
استعمال کرتے ہین جیسے قیلغان یعنی کرنیوالا اور کبھی مفعول کے صیغون پر لفظ جی کے بڑہانے سے
اسم فاعل بنتا ہے جیسے یالغان جی جہوٹہا اور تویارغان جی ظاہر کنندہ اور کبھی مصدر کے
اخر مین لفظ جی لانے سے جیسے یالبار جی عاجز اور کبھی صیغہ مضارع پر لفظ کیشی زیادہ
کرتے ہین جیسے کیلور کیشی آنیوالا شخص اور کبھی بعد کسی اسم کے لفظ جی لانے سے
اسی کے ساتہہ نسبت فاعلی رکھنے والے کے معنی حاصل ہوتے ہین جیسے قپوجی بای جی
کماندار ایلچی نان بائی یول جی راہ رو ایشیکچی دربان اوتوک جی موزہ گر اور لفظ داش بفتح
دال مہملہ وحذف الف وسکون شین معجمہ یا تاش اسم کے اخر مین لانے سے بہی ایک
طرح کا معنی فاعلیت کا اور شرکت کا یعنی ایک کام کے کرنے مین دو شریک ہونیکا
پیدا ہوتا ہے جیسے قارین داش یعنی ہم شکم یعنی ماجائی بچے اور یولداش ہمراہ
اور کوکلتاش برادر رضائی یعنی ہمشیر امی دودہ پلانیوالی دائی کا بچہ لفظ داش یا تاش
فعل کے ساتہہ برتا نہین جاتا جیسے کیلدی داش وغیرہ نہین کہتے ہین **فایدہ** اکثر
اسم فاعل عربی اور فارسی کا بہی ترکی مین مستعمل ہے جیسے فاضل اور عاقل آیندہ روندہ
ماجدار خدمتکار اور کار ہے لفظ غان امر حاضر کے اخر مین لانے سے صفت مشبہ بفاعل
یا مفعول حاصل ہوتا ہے جیسے سونغان دراز کنندہ ایلیک سونغان دست دراز کنندہ
اور کبھی اسم مفعول کو اسم فاعل کے واسطے استعمال کرتے ہین جیسے ایرانی مین

کلان اور کلن حرف نون ساکن اور ماقبل اوسکا مفتوح بمعنی آینده یعنی آنیوالا یا آیا ہو
اور اسم فاعل کی جمع کے واسطے علامت جمع جو لفظ لار ہے لاحق کرتے ہین جیسے
کران لر یا کلن لر آیندگان یعنی انیوالے کلمین نہ آینده یعنی انیوالا ہو کلمین لر نہ آیندگان یعنی نہ انیوالے کلن مو اینده ست
یعنی انیوالا ہے کلن دور لر اینده اند یعنی انیوالے ہین کلمین دور نہ اینده است یعنی نہ
آنیوالا ہے کلمین دور لر نہ آینده اند یعنی نہ آنیوالے ہین اور فاعل مفرد مخاطب کے لئے
کلن سن آینده یعنی انیوالا ہے تو کلمین سن تو اینده نیستی یعنی تو آنیوالا نہین ہے فاعل
جمع مخاطب مین کلن سوکیز انیوالے ہو تم کلمین سوکیز نہ انیوالے ہو تم **فصل چہٹوین**
**اسم مفعول کے بیان مین** اسم مفعول وہ ہے جو دلالت کرے اوس ذات پر
جسپر فعل واقع ہووے ترکی اسم مفعول بنانیکی واسطے کئی علامت مقرر ہین جیسے
لفظ کان بفتح کاف فارسی و حذف الف و سکون نون جیسے کیلگان آمده اولدورگان
کشته یا الف اعرابی مفتوح و نون ساکن جیسے کیلان آمده اور سوران (ران) برسیده اولدو
کشته یا اخر مین نون ساکن فقط اور حرف ماقبل مفتوح جیسے کلن آده اور لفظ میش بکسر میم
اور حذف یا مثناة تحتیہ اعرابی و سکون شین مثلثہ اور لفظ ماش بفتح میم و حذف الف اعرابی
و سکون شین پہر جب ان لفظون مین سے ایک کو کسی صیغہ امر واحد حاضر لازمی یا متعدی مثبت
یا منفی معروف یا مجہول کے بعد لاحق کرین تو اسم مفعول حاصل ہوتا ہے جیسا کہ رہو الیکن ماش و میش کو امر حاضر کے
یا صیغہ اسم مفعول کے بعد لاحق کرنے سے ہی اسم مفعول بنتا ہے جیسے اولدورمیش
کشتہ یعنی مارا گیا ہوا اور کلمیش یا کلمیش آمده شده اور کیلتیمیش اورده شده کلمین میش
یعنی آمده شده کیتورلمیش آورده شده اور نفی مین میم نافیہ لایا جاتا ہے جیسے کلمیمش نیامده شده

توبش علیہ اور کاسے فارسی اور عربی اسم مفعول بہی ترکی مین برتا جاتا ہے
مکتوب محبوب قلمکار وغیرہ **فصل ساتوین صفت مشبہ کے بیان مین**
صفت مشبہ ایک صفت ہے جو کسی مین دوام اوسکا پایا جاوے جیسے کریم یا زمانہ
معین یک جیسے سیر شکم ترکی زبان مین صیغہ امر حاضر کے آخر حرف قاف بڑہاتے ہے
صفت مشبہ مشتق بنتی ہے جیسے لفظ توام ہے توماق یعنی سیر شکم ہونیکا توق سیر شکم یا رق
روشن ہونا یا روق روشن مادہ افعال کے سوا بہی کئے لفظ صفت مشبہ کے
معنی پر وضع کی گئے ہین جیسے یخشی نیک اور یمان بد اور ایرانی اصطلاح مین بیک
بزیتوں کسرہ اول و کاف فارسی یعنی خوب **فصل اٹہوین اسم حالیہ کے
بیان مین** اسم حالیہ وہ ہے جو بیان کرے ہیئت فاعل کی یا مفعول کی یعنی
حالت انکی کہ کس حال مین ہین یا تہے جیسے کہتے ہین زید مارتا چلا جاتا تہا پہر اسم
حالیہ ترکی مین کبہی اسم فاعل سے اور کبہی اسم مفعول سے تعبیر کیا جاتا ہے جیسے
زید قان ساچی کیلدی یعنی زید خون افشان آیا یعنی خون بہاتا ہوا آیا اور زید کو لگان کیلدی
بالف ملفوظ الف عرابی
یا کولان یا کولمش کیلدی یعنی ہنستا آیا **فصل نوین اسم نسبت وغیرہ کے
بیان مین** لفظ لیغ اور لیک اور لیق اور لوغ اور لوک اور لوق اور لی اور لو ہر ایک
انمین سے اسم کے آخر یاے نسبتی کے معنی پر بڑہایا جاتا ہے جیسے ہندلیغ ہندی کوک لوق
آسمانی روم لو رومی بیل لیک سالانہ کوہلو کہیرلو یعنی کہیرے والا قومش لی وہیری
لفظ لو اکثر ذی روح پر برتا جاتا ہے اور لفظ لی غیر ذی روح پر اور یہہ الفاظ مصدر
اور اسم فاعل وغیرہ کے آخر قابلیت اور لیاقت اور یاے نسبت کے معنی پر بہی

تہ یہ بوق ار حافظ
نصر الدین

مستعمل ہین جیسے کیلماق لیق آمدنی قیلغولوق کردنی اور کیلغولوغ آمدنی ان معنون سے
فعل کے سابھہ اکثر لوغ اور لوق اور لیغ ہی کو استعمال کرتے ہین اور الفاظ مذکورہ
حاصل بالمصدر اور اسم فاعل اور صفت مشبہہ کے معنی پر ہی برستے جاتے ہین :
حاصل بالمصدر کی مثال باشلیغ امارت تاشلیغ سنگی قاشلیغ کما فی :
نقاشلیغ نقاشی بیکیت لیک جوانی بکلیک نیابن ایچکیلیک نانیانی بن قلیوغ غلامی ؛
جیساکہ آگے بھی مذکور ہوا اسم فاعل کی مثال مالیغ مالدار دولت لیک دولتمند
کوچ لو زوردار عیال لی عیالدار صفت مشبہہ کی مثال توزلی کھارا اتلو میٹھا

**فصل دسوین اسم زمان کے بیان مین** اسم زمان او سوقت پر دلالت
کرتا ہے جسمین ایک فعل صادر ہوا ہو اب اسم کے واسطے ترکی مین لفظ چاق یا چاغ
اور ایرانی محاورے مین چاخ مقرر ہے بفتح جیم فارسی اور حذف الف اعرابی
اور سکون قاف قرشت یا غین معجمہ یا خاے منقوطہ سے اور چان باعراب صدر
اور سکون نون پہران لفظون و اسم مفعول کے بعد لاحق کرتے ہین جیسے کیلگان چاق
آنیکا وقت اور بارگان چاق جانیکا وقت اور قاچان کوئیا وقت

**فصل گیارہوین اسم مکان کے بیان مین** فعل واقع ہونے کی جگہ پر جو لفظ دلالت کرتی ہے
اسکو اسم مکان کہتے ہین اسکے بنانے کی ترکیب یہہ ہے کہ مصدر کے بعد لفظ
یر لاحق کرتے ہین بکسر یاے مثناۃ تحتیہ اور حذف یاے بیان کسرہ اور سکون راے
مہملہ جیسے کیلماق یر یا یری آنے کی جگہ اسیطرح اسکے بعد لفظ چاق لاحق کرکر اسکے پیچھے
لفظ یر لانے سے بہی اسم مکان بنایا جاتا ہے جیسے اوپ چاق یر یا یری بوسہ

دینے کی جگہ اوتن قالدہ ور جاق بیربابیری آواز او تھاسنے کی جگہ مقرر اور جکت بیرباییری مقرر کرنے کی جگہ اور لفظ جکت اور لفظ بیرمی نادر او رشاذ ہے لیکن ایرانیون کے محاورے مین مستعمل ہے اور لفظ لاق بفتح لام و حذف الف اعرابی و سکون قاف اسم کے اخر لانے مین مکان کے معنی کے فائدہ کے واسطے جیسے قیشلاق تھنڈ کاتنے کی جگہ اور ییلاق دہوپ کالا کاتنے کی جگہ قیش تھنڈ کالے کا نام ہے اور یاز دہوپ کالے کا نام زا ے معجمہ کو یاے مثناۃ سے بدل ڈالی اور اسیطرح لفظ اورون بترقیق ضمہ اول و سوم و بحذف ہر دو واو اعرابی و سکون نون اور لفظ یورت بترقیق ضمہ یاے مثناۃ تحتیہ و حذف واو اعرابی و سکون راے مہملہ و تاے مثناۃ فوقانیہ سے یہہ دو نو لفظ بمعنی مطلق منزل اور مکان کے ہین جیسے آت اورون یعنی اصطبل اور سو اورون یعنی ابدار خانہ اور زید یورت زید کی منزل اور ترکی مین فارسی اور عربی اسم مکان بھی مستعمل ہے توپ خانہ کتاب خانہ مخزن وغیرہ

## فصل بارہوین اسم کثرت کی بیان مین

یہہ اسم کسی چیز کی بہتایت کو بتاتا ہے ایک مخصوص جگہ مین جیسے فارسی مین گلستان کوہستان ریگستان وغیرہ ترکی زبان مین اسم جنس کے آخر لفظ لیق یا لیق یا لیک وغیرہ ملحق کرنے سے اسم کثرت بنتا ہے جیسے تاوغلیق مرغستان توکلیق خیزرستان اوزوملیک تاکستان اکنہ لیک سوی دان

## فصل تیرہوین اسم جہت کے بیان مین

جہت کا معنی طرف ہے شخص کے نسبت سے جیسے طرف چھ ہین اوپر اور نیچے آگے اور پیچھے داہنے اور باین ترکی مین وست بواو مجہول مضموم و سین مہملہ و تاے مثناۃ فوقانیہ ساکنہ اور خواوستون باعراب صدر و ضم

تاے مثناة فوقانیہ وسکون نون اور اوبستین باعراب صدر ویاے مثناة تحتیہ ۂ
اعرابی اور یوقاری بضم مثناة تحتیہ واو مجہول ساکن وفتح قاف وحذف الف اعرابی
وراے مہملہ مشددہ مکسورہ ویاے مثناة تحتیہ اخیرہ معروفہ ہریک بمعنی اوپر جیسے نام اوسکا
یعنی مہاڑ کی براونی یوقاری یعنی اوسپر یہہ لفظین اسم کے ساتھہ مستعمل ہوتی ہین ؎ بالاخانہ ۱۲
فعل کے ساتھہ استعمال نہین پاتی اور آوزا بضم الف وحذف واو اعرابی وفتح
زاے معجمہ وسکون الف یاہاے مختفی درآخر اور اوزرا باعراب صدر وزیادتی
راے مہملہ اور اوزرنہ باعراب صدر وزیادتی نون مفتوحہ وسکون الف یاہاے مختفی
درآخر ہریک بمعنی اوپر یعنی بالا جیسے کوک اوزرہ چقتی یعنی آسمان پر نکلا لیکن آست بمد ہمزہ
وسکون سین مہملہ وتاے مثناة فوقانیہ اور استین باعراب صدر وکسر تاے فوقانیہ
وحذف یاے مثناة تحتیہ وسکون نون اور قوی بترقیق ضمہ قاف وہمزہ مکسورہ ویاے
معروفہ اور اشاق بفتح ہمزہ وشین معجمہ ہریک بمعنی نیچے جیسا کوک آستیدا آسمان کے
نیچے اسیطرح آلستی اور توب بمعنی زیر وپایین جیسے ایاغ آلستی تک توفراغی یعنی
اوسکے پاؤن کے نیچے کی خاک اور توبرغان توپی یعنی پایان قلعہ بمعنی قلعہ کے نیچے اور کیین
بکسر کاف تازی وہمزہ ونون ساکن وحذف یاے مثناة اعرابی اور سونگ
بترقیق ضمہ سین مہملہ وحذف واو اعرابی ونون غنہ وکاف فارسی اور سونغ باعراب
صدر وسکون غین معجمہ اور سونغرا باعراب صدر وفتحہ راے مہملہ درآخر وسکون الف
یاہاے مختفی ساکنہ اور غیرہ بغین معجمہ باعراب صدر اور آرتہ ہریک بمعنی پیچھے کے معنی سے
اور ایلکاری بترقیق کسرہ ہمزہ وحذف یاے مثناة اعرابی وسکون لام وفتح کاف

فارسی وحذف الف اعرابی وکسر راے مہملہ وسکون یاے مثناۃ تحتیہ معروفہ اور بورون بترقیق ضمہ باے موحدہ وحذف واو اعرابی وضمہ راے مہملہ وحذف واو اعرابی ثانی وسکون نون اور بابا و بفتح باے موحدہ وباے مثناۃ تحتیہ وسکون واو وحذف الفین اعرابین اور بوبوک بترقیق ضمہ باے موحدہ ویاے مثناۃ تحتیہ وسکون کاف فارسی وحذف واوین اعرابین اور اونگ بضم واو ونون غنہ وسکون کاف فارسی اور آل بمد اول وسکون دوم ہریک بمعنی آگے کے معنی اور لفظ اونگ بکاف فارسی بمعنی دہنا اور سول بایان اونگ قول داہنا ہاتھ اور سول قول بایان ہاتھ لیکن لفظ بیوک بڑے اور بزرگ اور بلند کے معنی سے بہی آیا ہے اور لفظ اونگ بمعنی طرف راست اور لفظ آل ہاتھ اور سرخ کے معنی سے بہی آیا ہے **فائدہ** لفظ وا بمعنی مین اور بیچ اور درمیان کے جیسے تبسی وا ایم بار سینے مین کہانا ہے اور ایچرا اور ایچرہ اور آرا اور اورتہ ہریک بمعنی اوسط یعنی میانہ اور درمیان اور بیچ کے آتا ہے جیسے بونی ایچرہ اسن اور تنکیز واکیمہ دور یعنی دریا مین کشتی ہے اور یان بمد یاے مثناۃ تحتیہ وسکون الف ونون بمعنی پہلو کے پاس اور قاش بفتح قاف وسکون الف وشین اور قاشی باعراب صدر بزیادتی یاے مثناۃ تحتیہ در آخر اور قاشین باعراب صدر وحذف یاے مثناۃ تحتیہ اعرابی وسکون نون ہریک پاس کے معنی سے اور یاووق بفتح یاے مثناۃ تحتیہ وحذف الف اعرابی ضم واو وحذف واو دیگر اعرابی وسکون قاف ویاقین بفتح یاے تحتیہ وحذف الف وکسر قاف وحذف یاے مثناۃ اعرابی وسکون نون قریب اور نزدیک کے معنی مین

اور آلدی بمد اول و سکون لام و کسر دال مہملہ و یاے مثناۃ بیش اور قریب کے معنی مین
ایراق بکسر اول و سکون یاے مثناۃ تحتیہ و حذف الف اعرابی و سکون قاف ؛
بہی دور اور یاق بفتح باے مثناۃ تحتیہ با الف و سکون قاف جانب اور طرف کے
معنی مین اور ساری بترقیق فتح سین مہملہ و راے مہملہ مکسورہ و یاے مثناۃ معروفہ اور
تابان بترقیق فتح تاے فوقانیہ و باے موحدہ و الفین ساکنین و نون غنہ جانب کے
معنی مین ناری بترقیق فتح نون و الف ساکن و کسر راے مہملہ و سکون یاے مثناۃ
تحتیہ اور انگری بفتح ہمزہ و نون غنہ و سکون کاف فارسی و کسر رای مہملہ و سکون یاے
مثناۃ تحتیہ اوسطرف بیری بترقیق کسرہ باے موحدہ و حذف یای مثناۃ تحتیہ اعرابی
و کسر رای مہملہ و سکون یاے مثناۃ تحتیہ ثانیہ اس طرف **فائدہ** عالم کے نظر کرنے
بہی چہ طرف ہین جیسے مشرق و مغرب و جنوب و شمال و سمت الراس و سمت القدم لیکن
اہل ہیئت ان چہ پر چار بڑہا کر دس کہتے ہین مشرقی اور شمالی کونے کو ایسان کہتے ہین
اور مغربی اور شمالی کونے کو نیرت بولتے ہین اور مشرقی اور جنوبی کونے کو اگنی کہتے ہین
اور مغربی اور جنوبی کونے کو بائب کہتے ہین ترکی مین اسکے نام یہہ ہین چیقار یر اور ؛
کون بوغار یر اور کون طوغوسی یعنی مشرق کون بار یا بانار یر یعنی مغرب کون تانمور قوف ؛
اور تیمور قازوق اور طیدو ز شمال اور یہہ نام شمالی قطب تارے کے بہی ہین فقط اور باش آلی
سمت الراس ایاغ آستید التحت القدم اور رومی ترکی مین ایسان کو بوریاز ا اور
نیرت کو قرہ ییل اور اگنی کو کشیشلہ اور بائب کو لدوس **فصل چودہوین اسم آلہ کے**
**بیان مین** جس چیز سے کہ کوئی کام کیا جاتا ہے اوسکو آلہ اور اسکے نام کو اسم آلہ

کہتے ہین ایسے اسم کے واسطے ترکی مین لفظ نیمارسہ موضوع ہے نون مکسور مجہول اور حذف یاے بیان کسرہ اور میم مفتوح اور حذف الف اعرابی اور راے مہملہ ساکنہ اور سین مہملہ مفتوحہ اور سکون ہاے مختفی یا سکون الف سے جیسے نیمار یہ کملماق آینکی جیبنرا اور نیمارسہ اور ماق مارینکی جیبنرا اور نیمرسہ او قو فاندوریا ام فاندور یعنی لکہہ پڑہا ہے اور کبہی نیمرسہ کی عوض لفظ اوزار بہی لاتے ہین جیسے کہتے اور ماق اوزاری یعنی مارنے کے ہتیار

## فصل پندرہوین اسم تفضیل کے بیان مین

اسم تفضیل وہ ہے جو اوسمین غیر پر سبقت اور زیادتی کا معنی پایا جاوے اسکے واسطے ترکی مین لفظ راق یا راغ یا راک بفتح راے مہملہ و حذف الف اعرابی و سکون قاف قرشت یا سکون عین معجمہ یا کاف فارسی مقرر ہے اس لفظ کو اسم فاعل یا مفعول کے آخر لاحق کرنے سے اسم تفضیل بنتا ہے جیسے کیل کوچی راق آینده تر یعنی بہت آنیوالا اور اولدورکوچی راک کشنده تر یعنی بہت مار ڈالنے والا اور اولدورکان راق کشنده تر یعنی زیاده مارے جانے والا نجشی راق بہتر اور ایرانیون کی اصطلاح مین یک راق بہتر یمان راق بدتر اگر کسی شی کو اسکے غیر پر ترجیح یا تفضیل دینا چاہین تو کہتے ہین فلان کیشی فلان کیشی دین یخشی راق دور یعنی فلان شخص فلانے شخص سے بہتر ہے کفتار فارغہ دین یخشی دور یعنی کبوتر کوے سے اچھا ہے یا نجشی راق دور یعنی بہتر ہے اگر کسی شی کو اسکے مثل پر تفضیل دینا چاہین تو کہتے ہین بو آت اول آتی دین یخشیدور یا نجشی راق دور یعنی یہہ گہوڑا اوس گہوڑے سے اچہا ہے یا بہتر ہے ال زنک یخشی راق اتی گہوڑون کا اچہا گہوڑا اور کبہی اسم یا صفت کے بعد لفظ چق یا چک یا جہ لانے سے افزونی کا

معنی پیدا ہونا ہے جیسے ساواق چق بہت ٹہنڈا اساوق بمعنی سرد اور اشوک چق
یعنی بہت سرد اور بہت یخ لفظ اوشوک بمعنی سرد اور یخ ایوجہ بہت ہے ایسی ہی رومی ترکی
مین مستعمل ہے اور لفظ ارتق بمعنی افزون ارتق راق افزون تر اول اندین ارتق دوروہ
اس سے افزون ہے اول اندین ارتق راق دوروہ اس سے
افزون تر ہے اول اندین اور رغار سے اور عربی اسماے تفضیل بہی
ترکی مین مروج ہین جیسے افضل احسن بہتر ینکیز اور رومی ترکی مین تفضیل نسبت اطرح
بنانی ہین جیسے کہتے ہین سکردین طاتلو شکر سے شیرین قزاستیکیز دین بیوک تمہارے
بہائی سے بڑا عورتلرنک کوزلی عورتون کی بہتر جملہ دین ایو سی سب سے بہتر اور
اسم صفت کے اخر مین بہہ لفظین بہی تفضیل کے واسطے استعمال کرتے ہین انک بک
یعنی زیادہ تر انک بیوک بمعنی کلان تر انک ایو یعنی بہتر بک بفتح باے فارسی وسکون
کاف عربی زیادہ اور بہت کے معنی ہین انک بفتح الف وسکون نون غنہ وسکون
کاف فارسی بمعنی بہت اور افزون **فائدہ** عظمت اور بڑائی کے واسطے اسم کے
ماقبل لفظ اولوغ یا بیوک لاحق کرتے ہین جیسے اولوغ تلوغ امیر کلان بیوک ایو
بڑا گہر **فائدہ تصغیر کے واسطے** اسماء اور صفات کے بعد لفظ غینہ اور کینہ
بتر فیق کسرہ غین معجمہ یا کاف فارسی وفتح نون وسکون ہاے مختفی دراخر اور رومی ترکی
مین لفظ جق یا جک بفتح جیم فارسی وسکون قاف یا کاف تازی دراخر لاتے ہین جیسے
کہتے ہین ادمجک چہوٹا ادمی الجق چہوٹا ہاتہہ ایوجہ کم خوب اگر اس لفظ تصغیر کے اخر
حرف زاے معجمہ زاید کرین تو خوبی اور بہتری کے معنی کا فایدہ دیتا ہے رومی ترکی مین

یعنی عورتون مین بہتر

جیسے الجی چہوتا ہاتہہ الجقیز خوب ہاتہہ اوی جی چہوتا کہر یعنی چہوتہڑا اوجغیز معنی خوب چہوتہڑا
آلجی چہوتا کہوڑا انجقیز خوب کہوڑا **فائدہ اسم جمع مین** جمع ترکون کیہان
ہندی اور فارسی کی طرح دو سے شروع ہوتی ہے لا انتہا تک اور اسم اور فعل
اور ضمیر وغیرہ کی جمع کے واسطے اسکے آخر مین لفظ لار لاحق کرتے ہین جیسے
کہتے ہین زید لار زیدان اتلار گہوڑے کیلدی لار ہوے سب آئے **فصل سولہوین**
**نکرہ اور معرفہ کے بیان مین** اوسمین دو قسمین ہین پہلی قسم نکرہ مین
نکرہ وہ اسم ہے جو دلالت کرے ایک غیر معین نام پر جیسے ایران یعنی مرد یہہ
اسم جنس ہے پہر اسمین دنیا کے سب مرد داخل ہین ایک شخص معین نہین ہوسکتا ہے
اسیطرح آت یعنی گہوڑا اور تیوہ یعنی اونٹ اور ییشوہ یعنی بہی جو ایک میوہ ہے
قسم دوسری معرفہ مین معرفہ وہ اسم ہے جو ایک چیز یا شخص معین پر دلالت کرے
اسکی چار نوعین ہین نوع پہلی علم ہے نوع دوسری ضمیر نوع تیسری اسماے اشارہ
نوع چوتہی موصولات وغیرہ نوع پہلی علم وہ ہے جو ایک شخص معین کا نام ہو جیسے زید
یاراق قائدو اور جسمین وصف یا تعریف ہو تو وہ لقب اور خطاب ہے جیسے چین قلیچ خان
یعنی سیدہی شمشیر خان تو ختمیش خان یعنی یارو یاور خان یا منحمل و بایدار خان نوع دوسری
ضمایر مین اسکی تین قسمین ہین قسم اول ضمایر فاعلی دوسری ضمایر مفعولی تیسری
مضاف الیہ اور مطلق ضمیر ایک اسم ہے جو متکلم یا مخاطب یا غائب کی ذات پر دلالت
کرتا ہے اگر وہ کسی لفظ سے ملنے کی حاجت نہین رکہتا ہو اور اپنی ذات سے مستقل
ہو تو اوسکو ضمیر منفصل کہتے ہین جیسے سین بکسر سین مہملہ و حذف یاے اعرابی و

سکون نون اور بعضے محاوروں مین فتح سین سے بھی ہے ضمیر واحد حاضر کی اور سِیز
بکسر سین مہملہ وحذف یاے اعرابی وسکون زای معجمہ ضمیر جمع حاضر کی اور مِین
بکسر میم وحذف یاے اعرابی وسکون نون یا بَن بفتح باے موحدہ وسکون ضمیر
واحد متکلم کی اور مِیز بکسر میم وحذف یاے اعرابی وسکون زاے معجمہ یا بِز وغیرہ بکسر
باے موحدہ واعراب صدر ضمیر جمع متکلم کی اور جمع حاضر مین سِزلار شماہا وشمان یعنی
تم اور بیزلار ماہا ومان یعنی ہم اور ایرانی محاورہ مین سین کو شین باسان اور مین کو
بَن اور میز کو بیز کہتے ہین اگر اسم لفظ سے ملنے کا محتاج ہو اور بغیر اوسکے قائم
بالذات نہو تو وہ ضمیر متصل ہے جیسے کیلدیم یعنی مین آیا حرف میم جو صیغہ مذکور مین ہے سو
بغیر اس صیغہ کے ملنے کے افادہ ضمیر کا نہین دیتا اور ضمیر مستتر وہ ہے جو
صیغہ مین پوشیدہ رہے کوئی لفظ یا حرف اس صیغہ مین ظاہر نرہے جیسے کیل آمین
ضمیر سنگ یعنی تو پوشیدہ ہے اور ضمیر بارز یعنی ظاہر ضمیر وہ ہے جو صیغہ کے سوا
لفظ ضمیر یا حرف ضمیر اس صیغہ مین موجود رہے جیسے مین کیلدیم اس مین ضمیر متصل
اور منفصل اور بارز کی مثال موجود ہے **فائدہ ضمیر تاکید کے بیان مین**
زکان کبھی ضمیر منفصل کو تاکید کے واسطے مکرر لاتے ہین جیسے کہتے ہین مِن مِن یعنی مین
وہی شخص ہون یا مین ہی اور کبھی اوسکو لفظ کے اول اور آخر بھی لاتے ہین جیسے
مین دور مین یعنی مین ہون مین اور کبھی ضمیر مذکور صیغہ کے اول مین لاتے ہین
جیسے مین کیلدوم اور کبھی صیغہ کے اول اور آخر مین جیسے مین کیلدم مین اور لفظ سِز
ضمیر جمع حاضر ہے ہندی مین تم کے معنی مین سو اوسکو ضمیر کے معنی کے واسطے

اسم کے اول ہی لاتے ہین اخر لانا جایز نہین اور فعل کے کہین اول اور کہین اخر لانا جایز ہے
اسم کے مثال مین جیسے کہتے ہین سیزنی اوعلی بار یعنی تمہارا بیٹا ہے یا سیزنکیدور
تمہاری ملکت ہے یا تمہارا خاص ہے مگر یون کہنا درست نہین کہ اوعلی سیزنی بار
یا نکیدور سیز اور فعل کی مثال مین جیسے کہتے ہین سیز کیلد بنکیز تم آئے ہو یا کہتے ہین
کلیب سیز تم آئے ہو مگر کیلدی سیز کہنا درست نہین کیونکہ صیغہ ماضی مطلق کے بعد
ضمیر کا لانا درست نہین اگر لفظ سیز مذکور کو اسم یا صفت وغیرہ کے آخر لاوین تو
منفی کا معنی کرتا ہے جنانچہ مناسب جاے پر مذکور ہوگا انشاء اللہ تعالے اور کتنے
صیغون مین اختیار ہے چاہین ضمیر مستتر لاوین چاہین بارز جیسا نچہ صیغہ امر حاضر مین
کیل کہین یا کیلنیک اور نہی حاضر مین کیلمہ ت آکیلمنتک مت آؤ ان صیغون مین ضمیر بارز
منفصل لانے کا معمول نہین ہے یعنی کیل سبن اور کیل سیز کہنا جایز نہین کیونکہ یہان
متروک ہے لیکن اس صیغہ کے ساتھ کوی دوسرا لفظ ملے تو جایز ہے جیسے
سین کیل غیل کہتے ہین یعنی تو آجا اور صیغہ جمع امر غایب اور جمع ماضی غائب مین ضمیر
منفصل بارز لاتے ہین جیسے کہتے ہین کیلسو ملار اوین وہ سے اور کیلدی لار آئی وے
اور صیغہ واحد متکلم ماضی مین ضمیر منفصل اور متصل دونو لانا جایز ہے جیسے کیلمش مین
اور کیلمیشیم دونون کے معنی آیا ہون اور ماضی ناقص کے صیغہ واحد متکلم مین ضمیر متصل
فقط جیسے کیلمیشدیم آیا مین اور صیغہ جمع متکلم مین منفصل جیسے کیلمیش میز کیلمیش بیز کیلمیشدی
ہر ایک کے معنی آے ہم ۱۱ اور صیغہ حال مین ضمیر متصل اور ضمیر منفصل دونو لانا درست ہے
ضمیر منفصل کے مثال کیلور سین اور کیلار سین اور کیلاو ورسین ضمیر متصل کی مثال ؛؛

کیلورونک ان ہر ایک کے معنی آتا ہے تو اور اسیطرح کیلورمین کیلوروم اور کیلادورم مین
ان ہر ایک کے معنی آتا ہون مین اور اسیطرح مستقبل بعید مین بہی جیسے کیل کوم بار
اونکا مین اور کیل کومیز بار آوینکے ہم اور کیل کونک بار اونکا تو اور کیل کولاری وے اونکے
اور ترکی مین فارسی کی طرح مذکر اور مونث ضمیر وغیرہ مین یکسان ہے اور تثنیہ کے واسطے
بہی کوئی ضمیر یا صیغہ مخصوص نہین اور لفظ لار علامت جمع ہے فعل اور اسم مین
مستعمل ہے سو منفصل اور متصل ضمیرین جہہ ہین ان جہہ ضمیرون کے واسطے جودہ لفظ
اور چار حرف مقرر ہین جملہ اٹھارہ ہین بعضی ان اٹھارہ مین سے اسم کے واسطے خاص
ہین اور بعضے فعل کے لئے اور بعضے دونون مین مشترک وے اٹھارہ یہہ ہین لفظ ان [1]
حرف ی [2] اور لفظ سی [3] اور سن [4] اور نک [5] اور نکز [6] اور سز [7] حرف میم [8] اور لفظ مین [9] اور سون [10] اور بین [11] اور حرف ک [12] اور لفظ مز [13]
وبز [14] ولوک [15] ونوک [16] ولار [17] اور حرف نون [18] ضمیر مفعولی اور انہین سے اسم کے خاص مستعمل

ضمیرون کی مثال

| ضمیر | مثال |
|---|---|
| ان | اندن یعنی اوس سے اور اونکا یعنی اوسکو |
| حرف ی | یاشی اوسکا آنسو. اسکی عمر |
| سی | بالاسی اوسکا بچہ |

## فعل کی خاص مستعمل ضمیرین

| ضمیر | مثال |
|---|---|
| یون | کیلیونڈ آتا ہون مین |
| بین | کیلبن آتا ہون مین |

| ضمیر | مثال | |
|---|---|---|
| نکز | کیلنکیز | آونم |
| لک | کیلدوک | آسے ہم |
| لوم | کیلالوم | اوین ہم |
| نوک | کیلدنوک | اوین ہم |

## اسم اور فعل مین جو ضمیرین مشترک ہین

| ضمیر | مثال اسم | مثال فعل |
|---|---|---|
| سین | سینک | کیلب سین |
| سیز | سیزنک | کیلبش سیز |
| ہین | منبن | کیلکان ہین |
| میز | کاشانہ میز | کیلبش میز |
| بیز | تیلبہ بیز | کیلیب بیز |
| لار | کازہ لار | کیلدی لار |
| نک | منبنک | کیلدنک |
| حرف میم | ہم | ما ہنیم |

ان اتھارہ مین سے چار منفصل ہین سین مین سیز میز یا بیز اور ایک حرف نون ہے جو ضمیر پر افزود کبی جاتی ہے جیسے منبن یعنی مجھکو باقی تمام متصل اور چار جگہ ضمیر مستتر ہے اول صیغہ ماضی واحد غایب مین جیسے کیلدی ایا دوسرے امر غایب واحد مین کیلسون آوے

تیسرے واحد حال مین کیلادور اور کیلیور اور کیلار ہر ایک کے معنی اتا ہے
چوتھے فعل مستقبل واحد مین کیلغای اویکا ضمایر کی تین قسمین ہین اور ہر ایک مین مفرد
اور جمع کے نظر کرتے چھہ ضمیرین ہین تین مفرد اور تین جمع واحد غایب جمع غائب واحد حاضر
جمع حاضر واحد متکلم جمع متکلم دوسری نوع کی قسم اول ضمایر فاعلی

| | مفرد | | جمع | |
|---|---|---|---|---|
| | ترکی | ہندی | ترکی | ہندی |
| متکلم | بن | مین | بیز یا بیر | ہم |
| مخاطب | سین | تو | سیز | تم |
| غایب اول | | وہ | اُنلر یا اولار | وے |

## قسم دوم ضمایر مفعولی

اسکے بنانے کے تین طریق ہین ایک تو یہہ کہ لفظ نی بکسر نون و یاے مثناہ تحتیہ معروفہ
حروف ضمیر کے آخر لاتے ہین جیسے زید نی کیتور کیل یعنی زید کو لے آ فارسی مین را
ہندی مین کو مستعمل ہے

| مفرد | | جمع | |
|---|---|---|---|
| متکلم بنی | مجھے یا مجھکو | بیزنی | ہمین یا ہمکو |
| مخاطب سنی | تجھے یا تجھکو | سیزنی | تمہین یا تمکو |
| غائب انی یا اونی | اوسے یا اوسکو | اونلری یا اولاری | اونہین یا اونکو |
| مونی یا بونی | اسے یا اسکو | بونلری یا بولاری | انہین یا انکو |

دوسرا یہہ کہ ضمیر یا اسم کے اخر آکے کہے جاتے ہین سو حروف مین سے کوئی ایک حرف لاتے ہین یا اس اسم یا ضمیر کو مفعولی بنا دیوے اور اوسکے کو کے معنی حاصل ہوتے ہین جیسے فارسی مین ب لانے سے چنانچہ نیچے کی مثالون سے ظاہر ہوگا اور وہ حروف یہہ ہین پہلا ہاے ہوز دوسرا قاف قرشت تیسرا غین معجمہ چوتہا خاے معجمہ پانچوان کاف فارسی چہٹا تاے مثناۃ فوقانیہ سب مفتوح اور ہریک کے آخر مین ہاے مختفی یا الف ساکن جیسے زیدہ یا زیدقہ یا غہ یا خہ یا گہ یا تہ بمعنی زید کو زید سے اور زید مین کبہی برابر اور را و برا و رسا یہہ کے معنی مین بہی برتے جاتے ہین اور لفظ تہ تاے مثناۃ فوقانیہ فتح اور سکون حرف اخر سے اوس اسم کے اخر مین لاتے ہین جسکا اخر حرف بہی تاے مثناۃ فوقانیہ ہو جیسے بولوت اور صورت اس جگہ پہلے تا کو دوسرے مین ادغام کرکے بولوتہ اور صورتہ یعنی ابر کو اور صورت کو کہتے ہین اور حرف ہاے ہوز مذکورہ اوس اسم کے آخر بڑہاتے ہین جسکی اخر حرف صحیح یا یاے مثناۃ تحتیہ ہو جیسے پیروزہ بر روی زمین یا نہ یعنی بڑے کو بخشیہ یعنی نیک کو لیکن جب سم کے آخر الف یا واو یا خود ہاے ہوز ہو تو اوس جگہ یہہ ہا نہین لاتے ہین بلکہ دوسرے حروف استعمال کرتے ہین جیسے بالتو یہ یعنی تیز کو اتاغہ باپ کو باقہ یہ کبہوے کو اور لفظ ایلا او ربیلا اور ربیرلا اخر اوسکے الف یا ہاے مختفی اور بیلان اور قیمتو مانند غا اور کا وغیرہ کے بہی باے الصاق کے معنی مین آتے ہین اسیطرح حرف نہ نون مفتوحہ اخر اوسکے ہاے مختفی بمعنی بہ یعنی کو جیسے اونہ اوسکو مونہ و بونہ اسکو اور یہی حرف بمعنی بر یعنی اوپر بہی آتا ہے جیسے اونہ اوسپر بونہ اسپر اور لفظ غہ یا کا وغیرہ سے ضمائر مفعولی بنانے کی مثال

| | واحد | | جمع |
|---|---|---|---|
| | ترکی | ہندی | ترکی | ہندی |
| متکلم | منکا یا بنکا | مجھکو | بیزکا | ہمکو |
| مخاطب | سکا | تجھکو | سیزکا | تمکو |
| غائب | اُنکا | اوسکو | اُنلرکا | اونکو |

تیسرا طریق ضمایر مفعولی بنانیکا یہہ ہے کہ لفظ نینک بکسر نون اول و حذف یاے مثناۃ تحتیہ باعرابی مجہولہ و نون دوم غنہ و کاف فارسی ساکن کو یا حرف نون کو کسی اسم یا ضمیر کے اخر بڑہاتے ہین جیسے کہتے ہین زیدنینک بیرکیل یعنی زید کو دے اور بکرنی کیتور غین یعنی بکر کو لے آ

مثال

| | مفرد | | جمع | |
|---|---|---|---|---|
| | ترکی | ہندی | ترکی | ہندی |
| متکلم | مینینک | مجھکو | مینینک بیرکیل مجھکو دے | بیزنینک | ہمکو |
| مخاطب | سینینک | تجھکو | سینینک اوروی تجھکو مارا | سیزنینک | تمکو |
| غایب | اُنینک | اوسکو | انینک تیلادی اوسکو بلایا | انلرنینک | اونکو |

مثال حرف نون

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| متکلم | مینین | مجھکو | بیزن | ہمکو |
| مخاطب | سینن | تجھکو | سیزین | تمکو |
| غایب | انین | اوسکو جیسے خالدین اوندادی یعنی خالد کو اوازدی | انلرین | اونکو |

تیسری قسم ضمایر مضاف الیہ مین جاننا چاہیے کہ ترکی زبان مین حرف اضافت کے واسطے

لفظ ننک اور کبہی یاے حطی کبہی لفظ نی اور کاہی حرف نون استعمال کرتے ہین
اور اس زبان مین فارسی اور عربی کے برخلاف ہندی قاعدہ کے موافق
حرف اضافت کو مضاف الیہ کے بعد لاتے ہین جیسے کہتے ہین زید ننک غلامی
زید کا غلام سیز ننک اوغلی تمہارا بیٹا اور بونی آتی نی دور یعنی اسکا نام کیا ہے
اور یاے حطی کو دوسرے اسم کے آخر مین فایدون کے واسطے لاتے ہین ایکتو
اضافت کے واسطے خان قلی یعنی بادشاہ کا غلام اور سیز ننک اوغلی یعنی تمہارا بیٹا؛
اور مونی اتی نی دور یعنی اسکا نام کیا ہے اور کبہی فصیح ترکان اختصار کے واسطے حرف
اضافت کو دور کرکے فقط دوسرے اسم پر یاے حطی بڑہاتے ہین جیسے کہتے ہین
نجف قلی علی قلی زید غلامی وغیرہ اصل مین نجف ننک قلی اور علی ننک قلی
تہا دوسرا یاے مذکورہ کو صفت کے واسطے لاتے ہین جیسے اولوغ کیشی یعنی بڑا شخص
تیسرا ضمیر واحد غایب کے واسطے جیسے بو فلان اوغلی دور یہہ فلان شخص کا بیٹا ہے
یا اختصار کے واسطے شخص معلوم کے طرف نسبت کرتے ہین تو کہتے ہین اوغلی اسکا بیٹا
